**16.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ آسام، کیرلم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔

☆ BJP نے مغربی بنگال اور کیرلم اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی ہے۔ LDF نے بھی کیرلم انتخابات کیلئے پہلی فہرست جاری کی ہے۔

☆ NDA نے بہارسے راجیہ سبھا کی تمام پانچوں نشستوں پر جیت حاصل کی ہے۔ اڈیشہ میں BJP نے دو، BJD اور آزاد امیدوار نے ایک ایک سیٹ حاصل کی ہے۔ ہریانہ میں دوسیٹوں کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔

☆ 46ہزار میٹرک ٹن LPG سے بھرا بھارتی بحری جہاز، شِوا لِک، آبنائے ہرمز کو پار کرنے کے بعد گجرات کی مُندرا بندرگاہ پہنچ گیا ہے۔ ایک اور بحری جہاز نندا دیوی کل پہنچے گا۔

☆ برطانیہ کا کہنا ہے کہ وہ مغربی ایشیا میں بڑی جنگ میں شامل ہوئے بغیر، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کی غرض سے اتحادیوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

☆ 2025 کیلئے ساہتیہ اکیڈمی انعامات کا اعلان کردیا گیا ہے۔ انعام یافتگان میں سرکردہ ہندی مصنف ممتا کالیا کو اُن کی تخلیق ''جیتے جی الہ آباد'' اورسفارتکار نوتیج سرنا کو اُن کے انگریزی ناول ''Crimson Spring'' کیلئے ایوارڈ دیا جانا شامل ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**EC Assembly Election**

آسام، Keralam اور پڈوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اِن ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کے پروگرام کا کل، تمل ناڈو اور مغربی بنگال کے ساتھ اعلان کیا گیا تھا۔ آسام، Keralam اور پڈوچیری میں 9اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ سبھی چار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 4مئی کو ووٹوں کی گنتی ہوگی۔ x

## BJP Kerala First List

Keralam میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے BJP کی قیادت والے NDA اور CPM کی قیادت والے LDF نے اپنے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی ہے۔ BJP کی فہرست میں 47امیدوار شامل ہیں۔
مرکزی وزیر George Kurian،Kanjirappally سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ پارٹی کے ریاستی صدر اور سابق مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر، Nemom سے انتخابی میدان میں ہیں۔ LDF نے 75امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ اِن میں وزیر اعلیٰ پنارائی وِجّین اور وزیر خزانہ K N بال گوپال شامل ہیں۔ Keralam کی 126رکنی اسمبلی کیلئے آئندہ ماہ کی 9تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔x

## Rajya Sabha Election Bihar

قومی جمہوری اتحاد NDA نے بہار سے راجیہ سبھا کی تمام پانچ نشستوں پر جیت حاصل کی ہے۔ جیتنے والے امیدواروں میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے نتن نبین اور سریش رام، جنتا دل یونائیٹڈ کے نتیش کمار اور رام ناتھ ٹھاکر اور راشٹریہ لوک مورچہ کے اپیندر کشواہا شامل ہیں۔ جیتنے والے تمام امیدواروں نے راجیہ سبھا میں اپنے انتخاب کو یقینی بنانے کیلئے مطلوبہ تعداد میں ووٹ حاصل کئے ہیں۔ البتہ نتائج کا سرکاری طور پراعلان کئے جانے کا ابھی انتظار ہے۔x

## Odisha RS Polling

اڈیشہ سے راجیہ سبھا کے نتائج کا آج اعلان کردیا گیا۔ ان میں 4امیدوار قریبی مقابلے میں فاتح ہوئے۔ جناب منموہن Samal اور جناب سُجیت کمار، ایوانِ بالا کیلئے BJP کے نامزد امیدوار کے طور پر منتخب ہوئے ہیں۔ سابق مرکزی وزیر دلیپ رے نے بھی، جن کی حمایت BJP کر رہی تھی، آزاد امیدوار کے طور پر قابل ذکر جیت درج کی ہے۔ انھوں نے ڈاکٹر Datteswar Hota کو شکست دی جو کہ BJD، کانگریس اور CPIM کے مشترکہ امیدوار تھے۔ BJD کے جناب Santrupt Mishra کو بھی منتخب قرار دیا گیا ہے- ان کا انتخاب ایوانِ بالا میں علاقائی پارٹی کی جاری نمائندگی کو یقینی بناتا ہے۔x

## Haryana RS Elections

ہریانہ میں راجیہ سبھا کی دو سیٹوں کیلئے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ یہاں سے تین امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی اور انڈین نیشنل کانگریس سے ایک ایک امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، جبکہ ایک آزادانہ امیدوار ہے۔ BJP نے سابق رکنِ پارلیمنٹ سنجے بھاٹیہ کو جبکہ کانگریس نے کرم ویر بودھ کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ستیش نندل، آزاد امیدوار ہیں۔ x

## Inter Ministerial Briefing

بھارتی بحری جہاز شِوا لِک، مغربی ایشیا میں جاری جنگ کے دوران، آبنائے ہرمز کو پار کرنے کے بعد،

46ہزار میٹرک ٹن LPG کے ساتھ، آج شام گجرات کی مُندرا بندرگاہ پہنچ گیا۔ نئی دلّی میں مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے، بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی شاہراہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا کہ LPG سے بھرا ایک اور بھارتی بحری جہاز، نندا دیوی کل بھارت پہنچے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایک بھارتی جھنڈا بردار بحری جہاز Jag laadki، جو متحدہ عرب امارات سے روانہ ہوا تھا، وہ بحفاظت بھارت کی راہ پر گامزن ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری Sujata شرما نے مطلع کیا کہ خام تیل اطمینان بخش مقدار میں دستیاب ہے اور ملک بھر میں تمام ریفائنریز اپنی اعلیٰ ترین صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ جوائنٹ سکریٹری نے یہ بھی بتایا کہ ڈلیوری اتھانٹی کیشن کوڈ کے ذریعے کی جانے والی فراہمی میں گذشتہ مہینے 53 فیصد سے اضافہ ہوکر یہ اب 72 فیصد ہوگئی ہے۔

**S/B 2045 Sujata Auth Code**

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ایران میں لگ بھگ 550 بھارتی باشندے زمینی سرحد کے ذریعے آرمینیا پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایران سے 90 بھارتی باشندے زمینی سرحد کے ذریعے آذربائیجان پہنچے ہیں اور یہ کارروائی تہران میں بھارتی سفارتخانے کے ذریعے کی گئی ہے۔

وزارت خارجہ میں خلیجی امور کے جوائنٹ سکریٹری اسیم مہاجن نے بتایا کہ پچھلے مہینے کی 28 تاریخ سے اِس خطے سے لگ بھگ دو لاکھ 20ہزار افراد بھارت واپس آچکے ہیں۔x

**Fur. Rev. RS Bill**

راجیہ سبھا میں آج اخراجات سے متعلق بل 2026 پر بحث ہوئی۔ یہ بل، مالی سال 2025-26 میں خدمات کیلئے بھارتی مجموعی فنڈز میں سے مزید مخصوص رقم کی ادائیگی اور اخراجات کو یقینی بناتا ہے۔ لوک سبھا نے گزشتہ ہفتے پہلے ہی اِس بل کو منظور کرلیا تھا، حالانکہ بحث نامکمل رہی۔

کل ایوانِ بالا میں اخراجات سے متعلق بل 2026 پر بحث جاری رہے گی۔ آج کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی کل دن میں گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

آج لوک سبھا میں بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں پہلی مرتبہ وقفۂ سوالات کی کارروائی بلا رکاوٹ چلی، جس میں اپوزیشن ارکان کی جانب سے بار بار احتجاج کے سبب رخنہ پیدا ہو رہا تھا۔ وقفۂ سوالات کے بعد ایوان میں ریلوے کی وزارت کی جانب سے گرانٹ کے مطالبات پر بحث ہوئی۔

یہ بحث نامکمل رہی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کل دن میں گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Suparna S...**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج معمول کی کارروائی ہوئی۔ لوک سبھا میں 2026-27 کیلئے ریلوے کی وزارت کے تحت گرانٹ کے مطالبات پر بحث ہوئی۔ بحث کے دوران حزب اقتدار اور اپوزیشن، دونوں کے بہت

سے اراکین پارلیمان نے اپنے نظریات پیش کئے۔ اس سے قبل وقفہ سوال کے دوران، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ حکومت جلد ہی اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم کا ایک نو تشکیل شدہ ورزن پیش کرے گی، جس کا مقصد ملک بھر میں درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبائل اور خواتین کاروباریوں کو زیادہ فوائد فراہم کرانا ہے۔ راجیہ سبھا میں اخراجات سے متعلق بل 2026 پر بحث ہوئی اور بحث میں مختلف پارٹیوں کے بہت سے اراکین نے حصہ لیا۔

وقفہ صفر کے دوران، راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے ملک میں LPG کے مبینہ بحران کے معاملے کو اٹھایا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے ایوان کے لیڈر جے پی نڈّا نے کانگریس پر سیاست کھیلنے اور اِس معاملے میں افراتفری پیدا کرنے کا الزام لگایا۔

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## LS Demand of Grants Railway

لوک سبھا میں آج وزارت ریلوے کے سال 2026-27 کیلئے مطالبات کے گرانٹس پر بحث کی گئی۔ جس کی شروعات کانگریس رہنما طارق انور نے حکومت پر اپنے اہداف مکمل کرنے میں ناکام رہنے کا الزام لگانے کے ساتھ کی۔ انھوں نے کہا کہ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت ایک ہزار 337اسٹیشنوں میں صرف 160اسٹیشنوں کا تزئین کاری کا کام مکمل کیا گیا ہے۔BJP کے گنیش سنگھ نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں ریلوے میں ایک غیر معمولی تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی ٹیکنالوجیوں کو متعارف کرایا گیا ہے اور ریلوے کے نیٹ ورک کو بھی توسیع دی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا ہے کہ اس سے پہلے 2013-14میں ریلوے کا بجٹ محض 63ہزار کروڑ روپے ہوا کرتا تھا، جو اب بڑھکر دو لاکھ 78ہزار کروڑ روپے ہو چکا ہے۔ TMC کے June Maliah نے کہا کہ مغربی بنگال نے ریلوے کی ترقی میں ایک بہت ہی اہم رول ادا کیا ہے۔ TDP کے GM Harish Balayogi نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں ریلوے کا بنیادی ڈھانچہ مضبوط ہوا ہے۔

BJP کے رام ویر سنگھ بدھوڑی، سماجوادی پارٹی کے دھرمیندر یادو اور Utkarsh Verma نے بھی دیگر اراکین کے ساتھ بحث میں حصّہ لیا۔ بحث جاری رہی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کو کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔×

## Uk Strait of Hormuz

برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اسٹارمر نے آج کہا کہ برطانیہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کی غرض سے اتحادیوں کے ساتھ ایک منصوبے پر کام کر رہا ہے، البتہ وہ بڑی جنگ میں شامل نہیں ہوگا۔ وزیر اعظم اسٹارمر نے یہ بات آج ایک پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انھوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے یہ کہنے کے بعد یہ بات کہی ہے کہ امریکی اتحادی، تیل کی جہاز رانی کے اس کلیدی روٹ کو کھولنے کیلئے جنگی بحری جہاز بھیجیں۔ جناب اسٹارمر نے کہا کہ برطانیہ، امریکہ اور یوروپ کے اتحادیوں اور خلیج کے ساتھ Mine-hunting استعمال کرنے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کر رہا ہے، جو خطے میں برطانیہ کے پاس موجود ہیں۔ البتہ انھوں نے عندیہ دیا کہ برطانیہ کوئی

جنگی جہاز نہیں بھیجے گا۔برطانیہ اور جرمنی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی NATO کیلئے اُس مطالبے کو مسترد کردیا ہے کہ مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی جنگ کے دوران، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کیلئے مدد کریں۔ یہ جنگ امریکہ–اسرائیل کے ذریعے ایران پر حملے کے ساتھ شروع ہوئی تھی۔ انھوں نے زور دیا کہ یہ جنگ، اتحاد کیلئے کوئی مشن نہیں ہے۔x

## Jaishankar Chief

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج سہ پہر یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen سے بات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس سال جنوری میں یوروپی کمیشن کی صدر کا بھارت کا انتہائی کامیاب سرکاری دورہ، بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تعلقات میں ایک اہم موڑ ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت اس کی بھرپور طریقے سے پیروی کر رہا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے حالیہ عالمی صورتحال سے متعلق محترمہ Leyen کے نظریات کی ستائش بھی کی۔x

## Sahitya Academy Award

ساہتیہ اکیڈمی نے آج، 24 بھارتی زبانوں میں سال 2025 کے اپنے سالانہ ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈز کا اعلان کر دیا ہے۔ ممتاز جیوری ممبران کی سفارشات پر دیے جانے والے اس ایوارڈ کو ساہتیہ اکیڈمی کے حکام کی منظوری حاصل ہے۔ یہ ایوارڈز اس ماہ کی 31 تاریخ کو نئی دلی میں پیش کیے جائیں گے۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

**VC- BHANU**

اِس سال 8 شعری مجموعے، چار ناولوں، چھ افسانوی مجموعوں، اور دو مضامین کو ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈز 2025 سے نوازہ گیا ہے۔اس کے علاوہ ایک ادبی تنقید، ایک خود نوشت سوانہ اور دو یاداشت پر مبنی تخلیق بھی اس ایوارڈ کیلئے منتخب کی گئی ہیں۔ معروف ادیبہ، ممتا کالیہ کو ان کی ہندی تخلیق جیتے جی الہ باد کے لئے جبکہ معروف سفارتکار نوتیج سرنا کو ان کے انگریزی ناول Crimson Spring کیلئے ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ اسی طرح اردو شعری مجموعے سفر جاری ہے کیلئے Pritpal singh betab کو یہ ایوارڈ دیا جائے گا۔ دیگر انعام یافتگان میں آسامی زبان کے ناول Karhi Khelar Sadhu کیلئے دیو بَرَت اور بنگالی شاعری شریسٹھ کبیتا کیلئے پرسن بندو اپادھیایے شامل ہیں۔انعام یافتگان کو ایک ایک لاکھ روپے اور کانسے کی تختیاں پیش کی جائے گی۔

شوانگ مشرا اور بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں..........

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD کے مطابق جھارکھنڈ، آندھرا پردیش،

اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، مہاراشٹر، اڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکّم میں آئندہ دو روز تک اسی طرح کا موسم رہے گا۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن کے سینئر کھلاڑی کدامبی سری کانت اور نوجوان کھلاڑی آیوش شیٹی نیز تنوی شرما کل سے فرانس میں شروع ہونے والے **Orleans Masters Super 300** ٹورنامنٹ کے مقابلے میں بھارت کی قیادت کریں گے۔ ایک اور سینئر بیڈمنٹن کھلاڑ ایچ ایس **Prannoy**، پچھلے ہفتے **Basel** میں سوئس اوپن کے دوران کندھے میں چوٹ لگنے کی وجہ سے ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆